بعدالت جناب سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن پاکستان اسلام آباد

درخواست بمراد: اعتراضات حلقہ PP89 بھکر 1

زیرِ الیکشن رولز 09 November, 2017

جناب عالی گزارش حسب ذیل ہے۔

(ا) یہ کہ سائل کا ووٹ سلسلہ نمبر 163 بلاک کوڈ نمبر 140040302 انتخابی علاقہ کپاھی کانگوئی گوہروالا تحصیل منکیرہ ضلع بھکر میں ہے اور سائل یونین کونسل گوہروالا کا چیئرمین بھی ہے۔

(۲) یہ کہ سائل پہلے حلقہ PP91 میں شامل تھا جو کہ تحصیل ہیڈ کواٹر سے صرف 20/25 کلومیٹر کا فاصلہ ہے۔

(۳) یہ کہ اب نئی حلقہ بندی کے مطابق میری پوری کانگوئی حلقہ PP89 تحصیل کلورکوٹ کا حصہ بنایا گیا جو کہ تقریباً 135 کلومیٹر کا فاصلہ ہے اور تحصیل دریا خان PP90 کو چھوڑ کر غلط طور پر کانگوئی گوہروالا کو PP89 میں شامل کیا گیا ہے۔ سال 1970 سے تاحال یونین کونسل گوہروالا تحصیل منکیرہ کے ساتھ شامل رہی ہے۔

(۴) یہ کہ سائل PP90 کو کراس کر کے کلورکوٹ اپنے MPA کے پاس جانا بڑے گا اور عوام کو تکلیف ہوگی جبکہ حلقہ بندی میں لوگوں کی سہولت کو مدنظر رکھا گیا ہے حلقہ کی Delimitaion شمالاً جنوباً ہوتی تو حلقہ کی لمبائی زیادہ نہ ہوئی۔

(۵) تجویز تبدیلی حلقہ

ا۔ گوہر کانگوئی کو PP89، I بھکر سے نکال کر PP91، II بھکر تحصیل منکیرہ میں شامل کیا جائے۔

ب۔ خانسر کانگوئی کو PP91 سے نکال کر PP90 میں شامل کیا جائے جو کہ دریا خان کے نزدیک ترین ہے اور پہلے سے اس کانگوئی کے پٹوار سرکل چک نمبر I-R-M-K چک نمبر 4 RMK شامل ہیں اب ساری کانگوئی شامل ہونے سے درستی ہو جائے گی۔

ج۔ پٹوار سرکل کانجن ڈگرا اور پٹوار سرکل مائی روشن کو PP90 II بھکر سے نکال کر PP89 I بھکر میں شامل کیا جائے جو کہ نزدیک ترین ہے اور کانگوئی شاہ عالم پہلے سے ہی PP89 کا حصہ ہے اور تحصیل ہی کلورکوٹ ہے فاصلہ تحصیل ہیڈ کواٹر صرف 10 کلومیٹر ہے جبکہ دریا خان 25 کلومیٹر ہے۔

PP89 بھکر1	موجودہ آبادی	اخراج آبادی	شمولیت آبادی	بعداز تبدیلی آبادی
PP89 بھکر1	4,19,105	34,725	19,931	4,04,311
PP90 بھکر2	4,00,678	19,931	26,963	4,07,700
PP91 بھکر3	4,11,647	26,963	34,725	4,19,509

(٦) یہ کہ تجویز ھائے مذکورہ عنوان بالا کو مدنظر رکھتے ہوئے عوام کی سہولت دیکھی جانی مناسب ہے۔

قوائد وضوابط Delimitation کو مدنظر نہ رکھا ہے۔

لہذا استدعا ہے کہ ضمن نمبر 5 کے مطابق درستی فرمائی جائے اور سائل کی کانگوئی گوہر والا کو PP91 بھکر II تحصیل منکیرہ میں شامل فرمایا جائے۔ اور PP89 سے نکالا جائے۔ قرین انصاف ہوگا۔

عرضے

سائل ایم نصر اللہ ولد ملک محمد علی قوم پشیہ سکنہ کپاھی حلقہ یونین کونسل گوہر والا تحصیل منکیرہ ضلع بھکر

بذریعہ کونسل

ملک فضل علی پشیہ ایڈووکیٹ

ہائی کورٹ اسلام آباد

رابطہ نمبر۔ 0333-5641125